ہے، ایسی پاک زبان کو پلید نہیں کرتے، گالیوں سے بچاؤ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ذکر کرے اور ہر موقع کی مسنون دعا پڑھے اور خود فیصلہ کرے کہ آئندہ کسی کو گالی دی تو اتنی رقم صدقہ کروں گا، اس کے ساتھ نفس کی اصلاح ہوتی ہے اور جس گناہ میں مبتلا ہے اس سے چھٹکارا بھی ملے گا۔

گالی کا علاج:......غصہ کے وقت ''اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم'' پڑھے، غصہ ختم ہوجائے گا۔ جن کی عادت گالیاں دینے کی ہو، ان کو چاہئے کہ استغفار زیادہ پڑھے، حصن حصین میں ہے:

''شكوت الى رسول الله ذرب لساني ،فقال :أين أنت من الاستغفار؟ انى لأستغفر في كل يوم مائة مرة''

یعنی ''ایک صاحب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی بدکلامی کی شکایت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ سے استغفار کہاں کھوگیا، میں روزانہ سومرتبہ استغفار پڑھتا ہوں''۔

معلوم ہوا کہ بدگو، فحش گو اور بدکلام کا علاج روزانہ سومرتبہ استغفار پڑھنا ہے۔

اللہ تعالیٰ، گالی گلوچ سے سب مسلمانوں کی حفاظت فرمائے اور اپنی زبانوں کو ذکر اللہ کی لذت سے روشناس کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

مولانا ابوبکر غازی پوری رحمہ اللہ کا سانحۂ ارتحال

۱۶/ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ بروز جمعرات، ممتاز عالم دین اور قلم کار مولانا ابوبکر غازی پوری نئی دھلی ہندوستان میں اچانک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کرگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ کی عمر 65 سال تھی۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے علم وتحقیق، خصوصاً دورِ حاضر کی لا مذہبیت کے خلاف کام کرنے کا خاص ذوق عطا فرمایا تھا۔ آپ کا نام سنتے ہی لا مذہبیوں کو دانتوں تلے پسینہ آجاتا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو تصنیف وتالیف کا بھی خصوصی ذوق عطا فرمایا تھا۔ آپ کے قلم سے اردو عربی میں مختلف موضوعات پر دو درجن سے زائد کتب منصۂ شہود پر آئیں اور علمی حلقوں سے خراج تحسین وصول کیا۔

آپ کی وفات علمی حلقوں کے لیے ایک بہت بڑا سانحہ ہے، ادارہ وفاق لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے، اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین